سندھ نے سنٹرل پنجاب کوسنسنی خیز مقابلے کے بعد3 وکٹوں سے شکست دےدی

- خرم منظور کی نصف سنچری
- اسد شفیق، سرفراز احمد اور انور علی کی شاندار بیٹنگ
- سنٹرل پنجاب کے کپتان بابر اعظم کی سنچری رائیگاں

لاہور، 13اکتوبر 2019ء:

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں سندھ نےسنٹرل پنجاب کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی۔ فاتح ٹیم کی جانب سے اوپنر خرم منظور نے نصف سنچری اسکور کی۔اسد شفیق، سرفراز احمد اور انور علی کی جارحانہ بیٹنگ نے جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ سندھ کی ٹیم نے 189 رنز کا ہدف ایک گیند قبل حاصل کرلیا۔

نیشنل ٹی ٹونٹی کپ فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے دوسرے میچ میں سنٹرل پنجاب نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔مضبوط بیٹنگ لائن اپ کے باوجود سنٹرل پنجاب کی اننگز کا آغاز متاثرکن نہ رہا اور محض 39 رنز پر 2 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ گئے۔ احمد شہزاد 8 اور کامران اکمل 4 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تاہم کپتان بابر اعظم نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور دوسرے اینڈ سےبھرپور مزاحمت کی۔انہوں نے عمر اکمل کے ساتھ مل کر تیسری وکٹ کے لیے 86 رنز کی شراکت قائم کی۔بابراعظم نے 59 گیندوں کاسامنا کرتے ہوئے ناقابل شکست 102 رنز اسکور کیے۔ 171 کے اسٹرائیک ریٹ سے بیٹنگ کرنے والے اوپنر کی اننگز میں 7 چوکے اور 5 چھکے شامل تھے۔یہ ان کی ڈومیسٹک ٹی ٹونٹی کرکٹ میں تیسری سنچری ہے۔ مڈل آرڈر بیٹسمین عمر اکمل 34 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ اختتامی اوورز میں رضوان حسین کی15 گیندوں پر برق رفتار 31رنز کی ناقابل شکست اننگز کی بدولت سنٹرل پنجاب نے مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 188 رنز بنائے۔سندھ کی جانب سے محمد حسنین نے 2 اور انور علی نے 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

جواب میں سندھ کی جانب سےاوپنر خرم منظور نے پراعتماد کھیل کا آغاز کیا۔ انہوں نے 5 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 50 رنز بنائے۔جس کے بعد سندھ کے مڈل آرڈر بلے بازوں نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور ٹیم کو جیت سے ہمکنار کردیا۔اننگز کے وسط میں کپتان اسد شفیق نے 23 گیندوں پر 45 رنز کی اننگز کھیل کر ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی اننگز میں 4 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ سرفراز احمد نے 18 گیندوں پر 30 جبکہ انور علی نے 10 گیندوں پر ناقابل شکست 22 رنز بنائے۔سندھ کی ٹیم نے مطلوبہ ہدف 7 وکٹوں کے نقصان پر 19.5 اوورز میں حاصل کرلیا۔سنٹرل پنجاب کی جانب سے وقاص مقصود نے 3 جبکہ فہیم اشرف اور عثمان قادر نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ایونٹ میں پیر کے روز 2 میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں ناردرن اور سدرن پنجاب جبکہ دوسرے میچ میں سندھ اور بلوچستان کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk